فوری ریلیز کے لیے: 11/12/2023 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے NY CREATES کے البانی نینوٹیک کمپلیکس میں اگلی جنریشن کے تحقیقی اور ترقیاتی مرکز کے قیام کے لیے 10$ بلین کی شراکت داری کا اعلان کیا ہے

البانی نینو ٹیک میں امریکا کا اوّلین اور واحد عوامی ملکیتی ہائی NA ایکسٹریم الٹراوائلٹ لیتھوگرافی مرکز قائم کیا جائے گا (High NA Extreme Ultraviolet Lithography Center) – جس کے نتیجے میں نیو یارک کے دارالحکومتی علاقے میں جدید سیمی کنڈکٹر کی تحقیق اور صنعت کاری کے مستقبل کی راہ استوار ہو گی

اس پروجیکٹ سے انقلابی تبدیلی والے فوائد کا راستہ کھلے گا جس میں ہزاروں نئی براہ راست، بالواسطہ، اور یونین والی تعمیراتی ملازمتیں اور افرادی قوت کی ترقی اور پائیداری کے لیے مضبوط وعدے شامل ہیں

اس شراکت داری میں IBM، مائیکرون، اپلائیڈ میٹریلز، ٹوکیو الیکٹرون اور دیگر صنعتی قائدین کی جانب سے نمایاں نجی سرمایہ کاری شامل ہے جو کہ جدید ترین چپ میکنگ ٹیکنالوجی کو ان کی R&D کوششوں کے ساتھ ضم کرے گی

گورنر Hochul کے اس ایجنڈا پر استوار ہے کہ بالائی ریاستوں میں سیمی کنڈکٹر کی صنعت کاری اور اختراع کے لیے ایک عالمی مرکز کا قیام عمل میں لایا جائے

گورنر Kathy Hochul نے آج کے IBM، مائیکرون، اپلائیڈ میٹریلز، ٹوکیو الیکٹرون، اور دیگر کی طرح سیمی کنڈکٹر صنعت کے قائدین کے ساتھ 10$ بلین کی شراکت داری کا اعلان کیا تھا تاکہ NY CREATES کے البانی نینو ٹیک کمپلیکس میں اگلی جنریشن کے سیمی کنڈکٹر کی تحقیق اور ترقی کا ایک مرکز قائم کیا جائے۔ اس شراکت داری کے تحت ایک جدید ترین ہائی NA ایکسٹریم الٹرا وائلٹ لیتھوگرافی مرکز کی تعمیر کے لیے فنڈ فراہم کیا جائے گا جو کہ شمالی امریکہ میں اوّلین اور واحد عوامی ملکیتی ہائی NA EUV مرکز ہے – جو دنیا کے سب سے پیچیدہ اور طاقتور سیمی کنڈکٹرز کی تحقیق اور ترقی میں معاونت کرے گا۔ نیو یارک کے دارالحکومتی علاقے میں انقلابی تبدیلی والی سرمایہ کاری کے علاوہ، اس شراکت داری سے ریاست نیو یارک میں ملک کے سب سے جدید، عوامی ملکیتی سیمی کنڈکٹر R&D بنیادی ڈھانچے کا مسکن بنایا جائے گا، نیو یارک کی ٹیکنالوجی اقتصادیات کے طویل مدتی فروغ کی حمایت کی جائے گی، اور ہزاروں براہ راست، بالواسطہ، اور یونین والی تعمیراتی ملازمتیں پیدا کی جائیں گی اور برقرار رکھی جائیں گی۔

"دارالحکومتی علاقے میں چپس کی اختراعی تحقیق کا سلسلہ شروع کرنے کے لیے 10$ بلین کی اس شراکت داری سے پوری صنعت کو یہ پیغام جانا چاہیئے کہ: نیو یارک میں کاروبار کے امکانات روشن ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہماریGreen CHIPS قانون سازی سے لے کر مائیکرون کی تاریخی سرمایہ کاری اورGO-SEMI کی تخلیق تک، ہم یہیں نیو یارک میں سیمی کنڈکٹر کی تحقیق کا مستقبل تعمیر کر رہے ہیں۔ بڑی علاقائی سرمایہ کاریوں، بے شمار نئی ملازمتوں، اور افرادی قوت کی ترقی اور پائیداری کے لیے جرات مندانہ وعدوں کے ساتھ، یہ صنعت ہماری ریاست میں حقیقی مواقع پیدا کر رہی ہے، اور میری انتظامیہ منتخب اور صنعتی رہنماؤں کے ساتھ کام کرتی رہے گی تاکہ نیو یارک کو ایک عالمی چپ ساز سپر پاور بنایا جائے۔"

اس نئے اقدام کے تحت، NY CREATES کی جانب سے ان کے البانی نینو ٹیک کمپلیکس میں ASML کے ذریعے ڈیزائن شدہ اور تیار کردہ ہائی NA EUV لیتھوگرافیٹول حاصل کیا جائے گا اور تنصیب کی جائے گی، جہاں مائیکرون، IBM، اپلائیڈ میٹریلز، ٹوکیو الیکٹرون، اور دیگر جیسے صنعتی شراکت دار، اب تک بنایا گیا سب سے جدید ترین سیمی کنڈکٹر سازوسامان استعمال کریں گے۔ ایک بار تعمیر ہونے کے بعد، نیو یارک کا ہائی NA EUV مرکز، اس ریاست کو جدید چپ ٹیکنالوجی کی تحقیق اور ترقی کے لیے ایک منزل کے طور ممتاز کر دے گا جس سے آج تقریباً ہر اسمارٹ فون، ٹیبلٹ، لیپ ٹاپ، اور کمپیوٹر سرور کو بجلی دی جاتی ہے۔ یہ مرکز بین الاقوامی شراکت داری کو بھی فروغ دے گا کیونکہ عالمی شہرت یافتہ تحقیقی ادارے یہاں اپنی موجودگی کو وسعت دیتے ہیں، جس کے نتیجے میں دنیا بھر سے کاروبار کو راغب کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ، اس شراکت داری سے وفاقی قومی سیمی کنڈکٹر ٹیکنالوجی مرکز کے تحت اینکر ہب کی حیثیت کے حصول کے لیے ایک سرکردہ امیدوار کے طور پر ریاست نیو یارک کی پوزیشن نمایاں طور پر بڑھ جائے گی، جو کہ ایک ایسا عہدہ ہے جہاں وفاقی CHIPS اور سائنس ایکٹ کی فنڈنگ میں 11$ بلین سے زیادہ حاصل کرنے کا امکان موجود ہے۔

اس پروجیکٹ سے کم از کم 700 نئی براہ راست ملازمتیں پیدا ہوں گی اور ہزاروں ملازمتیں برقرار رکھی جائیں گی، اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے نجی اخراجات اور سرمایہ کاری میں کم از کم 9$ بلین کا فائدہ ہو گا، اور ہنرمندی کے حصول کے سلسلوں کی حمایت اور تعمیر کے لیے اہم وعدے کیے جائیں گے۔ شراکت داروں نے SUNY، رینسیلر پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ، اور دیگر سرکاری اور نجی افرادی قوت کی ترقیاتی سرگرمیوں؛ K-12 STEM تعلیمی پروگرام؛ انجینئرنگ اور متعلقہ STEM شعبوں میں انڈرگریجویٹ اور گریجویٹ طلباء کے لیے تربیت، انٹرنشپ، اور تجرباتی تعلیم حاصل کرنے، اور تعلیمی تحقیقی شراکت داری میں سرمایہ کاریوں سمیت، افرادی قوت کی ترقیاتی پروگرامنگ کے لیے تعاون بڑھانے یا اس کا آغاز کرنے کا عہد کیا ہے۔

NY CREATES اور صنعتی شراکت داروں نے اس پروجیکٹ کے تعمیراتی اور عملی طور پر فعال ہونے کے مراحل کے دوران استحکام کے معاہدے کے ایک سلسلے پر بھی اتفاق کیا ہے جو کہ نیو یارک کے معروف ملکیGreen CHIPS پروگرام کے ساتھ منسلک ہیں، جس میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی کے لیے دستیاب بہترین ٹیکنالوجی کا استعمال؛ نیو یارک کے وسائل کو ترجیح دیتے ہوئے قابل تجدید توانائی کو ترجیح دینا؛ اور پروجیکٹ سے متعلق نئی عمارتوں کے لیے کم از کم گولڈ LEED اسٹیٹس سرٹیفیکیشن کا حصول شامل ہے۔ مزید برآں، شراکت دار اس بات کے لیے پُرعزم ہیں کہ R&D سرگرمیوں کے بنیادی مقصد کے طور پر استحکام کو شامل رکھا جائے، جس میں سیمی کنڈکٹر کی پائیدار صنعتکاری کی کارروائیاں، امواد کے استعمال، کوڑے کرکٹ کو دوبارہ قابلِ استعمال بنانا اور بحالی، اور فیب ڈیزائن شامل ہے۔ اس بات پر نئے انداز میں توجہ مرکوز کرنے کے ذریعے، ہائی NA EUV مرکز ایسی پوزیشن پر آ جائے گا کہ پائیدار اور ماحول دوست سیمی کنڈکٹر صنعت کاری کے عمل اور ٹیکنالوجی کی ترقی میں عالمی رہنما بن جائے۔

اس پروجیکٹ کی معاونت کرنے کے لیے، ریاست نیو یارک کی جانب سے 1$ بلین کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے تاکہ ASML کے EXE:5200 ہائیNA EUV سکینر کی خریداری کے ذریعے، ہائی NA EUV مرکز کے قیام عمل کے ساتھ، البانی نینو ٹیک کمپلیکس میں توسیع کی جائے جبکہ اس کے ساتھ ہی نینو فیب ریفلیکشن کی تعمیر انجام پائے، جو کہ 50,000 مربع فٹ سے زیادہ کلین روم جگہ پر مشتمل ایک نئی، انتہائی نفیس عمارت ہے جہاں مستقبل میں شراکت دار کی نشوونما کی حوصلہ افزائی کی جائے گی اور نیشنل سیمی کنڈکٹر ٹیکنالوجی مرکز (National Semiconductor Technology Center)، نیشنل ایڈوانسڈ پیکیجنگ مینوفیکچرنگ پروگرام (National Advanced Packaging Manufacturing Program)، اور ڈیپارٹمنٹ آف ڈیفنس مائیکرو الیکٹرانکس کامنز پروگرام (Department of Defense Microelectronics Commons program) جیسے نئے اقدامات کی معاونت کی جائے گی، جن میں سے مؤخر الذکر کے لیے ریاست نیو یارک کو حال ہی میں ایوارڈ دیا گیا تھا۔ اس پروجیکٹ کے تحت دو سالہ تعمیراتی مرحلے کے دوران مروجہ اجرت پر 500 سے 600 کی متوقع بلند ترین سطح پر یونین تعمیراتی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔

NY CREATES کے البانی نینوٹیک کمپلیکس کو مزید بڑھانے کے لیے یہ پروجیکٹ اہمیت کا حامل ہے۔ البانی نینوٹیک میں 50,000 مربع فٹ جدید ترین کلین روم جگہ بنانے کے علاوہ، توقع کی جاتی ہے کہ اس سرمایہ کاری سے مستقبل میں اضافی کلین روم کی جگہ تعمیر کرنے کی راہ ہموار ہو جائے گی تاکہ ہائی-NA EUV مرکز اور وفاقی اقدامات کے ذریعے مہمیز پانے والے نئے اور موجودہ تعاونوں کی متوقع طویل مدتی ترقی ممکن بنائی جا سکے۔

سینیٹ کے اکثریتی لیڈر Chuck Schumer نے کہا، "یہ دارالحکومتی علاقے کے لیے ایک تاریخی دن ہے۔ 10$ بلین کی اس اہم عوامی نجی شراکت داری کے ساتھ، میرے CHIPS اور سائنس ایکٹ کے ذریعے ترغیب پانے والی، اس صنعت نے یہ واضح کر دیا ہے: البانی نینو ٹیک کمپلیکس ہی امریکہ کے سیمی کنڈکٹر R&D مستقبل کا گھر ہے۔ اس تاریخی شراکت داری سے بالائی ریاستی NY میں دنیا کی جدید ترین مشینری لائی جائے گی، جس کے نتیجے میں ایسی دریافتیں کرنے میں مدد ملے گی جن کی قیاس آرائی آج انجینئرز نہیں کر سکتے – تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ سیمی کنڈکٹر اختراعات اور صنعت کاری میں امریکہ دنیا کی قیادت کرے اور یہاں دارالحکومتی علاقے میں، ایک نینو میٹر سے کہیں چھوٹی مائیکرو چپس تیار کرتے ہوئے ہم سائنس فکشن کو حقیقت میں بدلنے کے قریب تر ہو جائیں گے۔ اس 10 $ بلین کا مطلب ہے کہ دنیا بھر کے سائنسدانوں اور سرکردہ کمپنیوں کے ساتھ، سینکڑوں نئی اعلیٰ معاوضے والی ٹیکنالوجی کی اور تعمیراتی نوکریاں اپنی تحقیق کی انجام دہی کی ایک جگہ کے طور پر دارالحکومتی علاقے کا رخ کر رہی ہیں۔ میں نے CHIPS اور سائنس ایکٹ لکھا تھا کیونکہ میں جانتا تھا کہ یہ بالائی ریاستی نیو یارک کے لیے انقلابی تبدیلی کا باعث ثابت ہو گا، جو امریکہ کے قومی سلامتی اور اقتصادی مستقبل کے لیے اشد لازمی اس صنعت کو بیرون ملک سے واپس لانے کے لیے بالکل موزوں ہے۔ گورنر Hochul کی قیادت کے تحت، نیو یارک نے نہ صرف فیڈز کی طرف سے کی گئی کال کا جواب دیا ہے، بلکہ بالائی ریاستی NY کے ہر کونے میں بے مثال سرمایہ کاری کے ساتھ ایک قومی ماڈل بنانے میں مدد کی ہے اور آج کا اعلان اس بات کی تازہ ترین مثال ہے کہ اگلی جنریشن کی ٹیکنالوجی تیار کرنے میں نیو یارک کس طرح ہماری قوم کی رہنمائی کر رہا ہے۔"

سینیٹر Kirsten Gillibrand نے کہا، "البانی نینو ٹیک میں اس سرمایہ کاری سے سیمی کنڈکٹر کی تحقیق اور ترقی میں ایک عالمی رہنما کے طور پر نیو یارک کی پوزیشن مضبوط ہو جائے گی۔ اگلی جنریشن کی تحقیق اور ترقی کا یہ مرکز، مغربی نصف کرّے میں اپنی نوعیت کا واحد مرکز ہو گا اور دنیا بھر سے بڑے کاروباری اداروں کو اپنی جانب راغب کرے گا، ریاست کی ٹیک اکانومی کو ترقی دے گا، اور دارالحکومتی علاقے میں ممکنہ طور پر کئی بلینز کی وفاقی سرمایہ کاری کی راہ ہموار کرے گا۔ اس نئے سیمی کنڈکٹر مرکز کے قیام سے ہماری قومی سلامتی کو بھی تقویت ملے گی، جس سے ریاست ہائے متحدہ کے لیے ممکن ہو گا کہ دنیا کے سب سے زیادہ پیچیدہ اور طاقتور سیمی کنڈکٹرز اپنے وطن میں ہی تیار کیے جا سکیں۔ مجھے اس شراکت داری میں زندگی کی علامات پیدا ہوتے دیکھ کر فخر ہے اور سیمی کنڈکٹر کی تحقیق اور صنعت کاری میں دارالحکومتی علاقے کو عالمی رہنما بنانے کے لیے، میں کام جاری رکھنے کا منتظر ہوں۔"

نمائندہ Paul Tonko نے کہا، "میں نے طویل عرصے سے اپنی مقامی سپلائی چینز کو مضبوط بنانے، اچھی تنخواہ والی ملازمتیں پیدا کرنے اور امریکی صارفین کے لیے کم لاگت والی چپس کی تیاری میں مضبوط سرمایہ کاریاں کرنے پر زور دیا ہے۔ ہمارے CHIPS اور سائنس ایکٹ میں اس کوشش اور شرائط کی بدولت، ہمارا دارالحکومتی علاقہ – جو پہلے سے ہی چپس بنانے والوں کے ایک مضبوط نیٹ ورک، جدید ترین تحقیقی سہولت گاہوں اور تعلیمی اداروں کا مسکن ہے – یہ علاقہ اس شعبے میں قوم کی قیادت کرنے کے لیے بالکل تیار ہے، جہاں جدت طرازی کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اور ہماری معیشت کو مضبوط کیا جا رہا ہے۔ یہ شراکت داری جدت طرازی کے ابتدائی جذبے پر استوار ہے جس کی نمائندگی ایک طویل عرصے سے ہمارا خطہ کرتا رہا ہے۔ میں ان تمام لوگوں کا شکرگزار ہوں جن کی لگن، اس صنعت میں مزید ترقی اور نشوونما ممکن بنا رہی ہے۔"

IBM کے چیئرمین اور CEO Arvind Krishna نے کہا، "ریاست نیو یارک کے البانی نینو ٹیک کمپلیکس میں، IBM اور ہمارے شراکت دار سیمی کنڈکٹر R&D کی پیش رفت کے سلسلے میں دنیا کی قیادت کر رہے ہیں جن کے نتیجے میں ان چپس کو مزید چھوٹا، زیادہ طاقتور اور زیادہ توانائی کے قابل بنایا جاتا ہے۔ البانی نینو ٹیک میں یہ نیا ہائی NA EUV مرکز، سیمی کنڈکٹر کی اختراع کے لیے ایک مضبوط پائپ لائن کا حصول ممکن بنائے گا، جبکہ ریاست نیو یارک کو کنڈکٹر کی مہارت کا مرکز بنا دے گا، چپ کی عالمی صنعت کی ترقی میں تیزی لائی جائے گی

اور نئی ٹیکنالوجیز جیسے کہ جنریٹیو AI کی صنعت کاری کی مانگ پوری کرنے میں مدد کی جائے گی۔ ریاست نیو یارک کو اپنا گھر کہنے پر، اور سیمی کنڈکٹر ٹیکنالوجی میں نئی پیش رفت کی طرف اس اہم سرمایہ کاری کی حمایت کرنے پر IBM کو فخر ہے۔"

مائیکرون کے صدر اور CEO Sanjay Mehrotra نے کہا، "NY CREATES کے نینو ٹیک کمپلیکس میں ہائی NA EUV مرکز، امریکہ میں اگلی جنریشن کے سیمی کنڈکٹر کی R&D کی پیش رفت میں ایک اہم قدم ہے اور یہ مستقبل کی اختراعات اور ٹیکنالوجی کی قیادت میں نیو یارک کو سب سے مقدم کر دے گا۔ ہمارے میگا فیب کے لیے نیو یارک کو مستقبل کا مثالی وطن بنانے والے اہم عوامل میں سے ایک عامل یہ ہے کہ سیمی کنڈکٹر کی ترقی اور صنعتکاری کے سلسلے میں ریاست کی ایک تاریخ موجود ہے اور R&D ماحولیاتی نظام کے تعاون کے مضبوط مواقع حاصل تھے جن کو ہماری میموری ٹیکنالوجی کی قیادت کے پیمانے پر تیار کرنے میں مائیکرون مدد کر سکتا ہے۔
اپنے ریاستی اور وفاقی شراکت داروں کے ساتھ اور CHIPS اور سائنس ایکٹ کی اہم فنڈنگ کی معاونت کے ساتھ، ہم شمالی امریکہ کے پہلے اور واحد ہائی NA EUV مرکز کے ذریعے ایک انتہائی ہنر مند ٹیلنٹ پائپ لائن تشکیل دینے اور اس کی تربیت کرنے کے منتظر ہیں۔"

اپلائیڈ میٹریلز میں سیمی کنڈکٹر پروڈکٹس گروپ کے صدر Prabu Raja نے کہا، "ریاست نیو یارک میں چپ سازی کے R&D ماحولیاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے مسلسل سرمایہ کاریاں دیکھ کر، ہمیں خوشی ہوئی ہے۔ البانی نینو ٹیک میں ہمارے میٹریلز انجینئرنگ ٹیکنالوجی ایکسلریٹر (Materials Engineering Technology Accelerator، META مرکز) میں، اپلائیڈ کی جانب سے صارفین کے ساتھ تعاون کیا جا رہا ہے تاکہ چپ کی کارکردگی اور توانائی کی بچت والے استعمال کو بہتر بنانے کے لیے نئے سیمی کنڈکٹر مواد، ساختوں اور آلات کی قیادت کی جائے۔ نینو ٹیک کیمپس کے اثرات اور صلاحیتوں میں وسعت پیدا کرنے سے ریاست نیو یارک کے ساتھ ہماری دیرینہ شراکت داری قائم ہو گی اور اگلی جنریشن کی چپ میکنگ ٹیکنالوجیز کے تصور سے لے کر کمرشلائزیشن تک وقت میں تیزی لانے کے لیے ایک اور موقع فراہم کیا جائے گا۔"

ٹوکیو الیکٹرون (Tokyo Electron، TEL) کے صدر اور CEO Tony Kawai نے کہا، "ہم البانی نینو ٹیک کمپلیکس میں نئے R&D مرکز کے افتتاح کے ذریعے ریاست نیو یارک کے ساتھ اپنی کئی دہائیوں پر مشتمل شراکت داری جاری رکھنے کے منتظر ہیں۔ ہائی NA EUV ہی سیمی کنڈکٹر انڈسٹری کی سب سے جدید مینوفیکچرنگ ٹیکنالوجی ہے، اور TEL پُرجوش ہے کہعالمی سیمی کنڈکٹر صنعت کی ترقی اور اس جگہ پر جدت طرازی کے سلسلے میں اپنا حصہ ڈال رہے ہیں۔"

ASML کے صدر اور CEO Peter Wennink نے کہا، "ہمیں فخر ہے کہ ASML ٹولز ہمارے صارفین کے لیے ممکن بناتے ہیں کہ دنیا کو درکار چپس تیار کی جائیں۔ جدید ترین ہائی NA EUV ٹیکنالوجی میں نیو یارک کی اس اہم سرمایہ کاری سے ہمارے ماحولیاتی نظام میں جدت میں تیزی آئے گی اور چپ بنانے والوں کی اس صلاحیت میں تیزی لائی جائے گی کہ آئندہ کل کی جدید ترین چپس تیزی سے اور بچت والی لاگت سے تیار کی جائیں گی۔"

ریاست نیو یارک میں ایک عالمی سیمی کنڈکٹر ہب کا قیام
گورنر Hochul نے سیمی کنڈکٹر صنعت کو بڑھاتے ہوئے اور 21ویں صدی کی اچھی ملازمتیں پیدا کرنے والے اختراعی کاروباری اداروں کو ترغیب دیتے ہوئے ریاست نیو یارک میں ایک جدید معیشت کی تعمیر کا مضبوط عزم برقرار رکھا ہے۔ اکتوبر2022 میں، چپس کی ایک فروغ پذیر، پائیدار صنعت کی تعمیر کے لیے نیو یارک کی پہلیGreen CHIPS قانون سازی پر دستخط کرنے کے بعد، گورنر نے مائیکرون کی جانب سے 100$ بلین کی تاریخی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے تاکہ مرکزی نیو یارک میں ایک جدید ترین مثالی میموری مینوفیکچرنگ کیمپس قائم کیا جائے جہاں 50,000 ملازمتیں پیدا ہوں گی۔ Green CHIPS پر دستخط کرنے کے بعد سے، گورنر نے نیو یارک میں اپنی موجودگی کو وسعت دینے کے لیے سیمی کنڈکٹر سپلائی چین، کے ساتھ AMD، ایڈورڈ ویکیوم، اور TTM ٹیکنالوجیز کی جانب سے دیگر کئی سیمی کنڈکٹر صنعتکاروں اور کمپنیوں کی جانب سے بڑی سرمایہ کاریوں کا اعلان بھی کیا ہے۔

اپنے 2023 کے ریاستی خطاب میں، گورنر Hochul نے $45 ملین لاگت سے گورنر کا دفتر برائے سیمی کنڈکٹر ایکسپینشن، مینوفیکچرنگ، اور انٹیگریشن بنانے کا اعلان کیا تھا، جو GO-SEMI کے نام سے جانا جاتا ہے، تاکہ صنعت کی ترقی کو جاری رکھنے کے لیے ریاست کی کوششوں کی نگرانی کی جائے۔

نیو یارک کا البانی نینو ٹیک کمپلیکس
البانی نینو ٹیک کمپلیکس، جو کہ غیر منافع بخش نیو یارک مرکز برائے تحقیق، اقتصادی پیش رفت، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور سائنس، یا NY CREATES کے زیر ملکیت ہے اور ان کے زیر انتظام چلایا جاتا ہے، یہ کمپلیکس شمالی امریکہ میں سب سے جدید، عوامی ملکیتی 300 ملی میٹر سیمی کنڈکٹر R&D کی سہولت گاہ ہے اور دو دہائیوں سے زیادہ عرصے سے سیمی کنڈکٹر اختراعی عمل میں سب سے آگے ہے۔ اس سائٹ میں فی الحال EUV لیتھوگرافی آلات کی حالیہ جنریشن موجود ہے، جسے IBM نے حال ہی میں دنیا کی پہلی - اب تک کی سب سے چھوٹے پیمانے پر تیار کی گئی 2 نینو میٹر چپ ٹیکنالوجی تیار کرنے کے لیے استعمال کیا ہے۔ ہائی NA EUV مرکز سے EUV آلات کی اگلی جنریشن البانی نینو ٹیک میں لائی جائے گی اور سیمی کنڈکٹر R&D کے معروف مرکز کے طور پر نیو یارک کی مستحکم حیثیت منوائی جائے گی۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "ریاست نیو یارک نے البانی نینو ٹیک کو شمالی امریکہ میں سب سے زیادہ جدید ترین عوامی ملکیتی سیمی کنڈکٹر تحقیق اور ترقی مرکز بنانے کے لیے پچھلے کئی سالوں میں کئی بلین ڈالرز کی سرمایہ کاری کی ہے اور یہ اس کے ارتقاء میں ایک اگلا قدم ہے۔ یہ سرمایہ کاری، سیمی کنڈکٹر R&D میں ریاست نیو یارک کو حقیقی طور پر سب سے آگے لے جائے گی اور ریاست نیو یارک کو ملک میں سیمی کنڈکٹر کا دارالحکومت بنانے کی خاطر ہماری کوششیں جاری رہیں گی۔ ہم اس بات کو بھی یقینی بنا رہے ہیں کہ پائیداری اور افرادی قوت کی ترقی کے مواقع ایک ترجیح ہیں تاکہ نیو یارک کے شہریوں کی اگلی نسلکواس صنعت میں مواقع کے لیے اچھی طرح تیار کیا جائے۔"

NY CREATES کے صدر Dave Anderson نے کہا "نیو یارک اور ہمارے صنعتی شراکت داروں کی آج کی تاریخی سرمایہ کاری کے نتیجے میں ریاست نیو یارک کو سیمی کنڈکٹر پر مبنی R&D کا مرکز بنانے کی خاطر صدر Hochul کا نظریہ بلا شبہ پورا ہو رہا ہے۔ یہ فنڈنگ NY CREATES کے البانی نینوٹیک کمپلیکس میں نئی نینو فیب ریفلیکشن کی عمارت کی تعمیر میں معاونت کرے گی تاکہ دنیا کے سب سے جدید، اگلی جنریشن کے انتہائی الٹرا وائلٹ لیتھوگرافی کے آلات کو جگہ دی جائے۔ اس تاریخی سرمایہ کاری کے نتیجے میں، گورنر Hochul کی قیادت میں اور سینیٹ کے اکثریتی رہنما Schumer کی جانب سے مسلسل اور انتھک حمایت کے ساتھ، NY CREATES اور ہمارے شراکت دار آئندہ کئی برسوں تک چپ کی عالمی ترقی میں ہمارا مقام سب سے آگے برقرار رکھیں گے۔ اس توسیع سے یہاں اور پوری ریاست میں طویل مدتی ترقی اور روزگار کے نئے مواقع کا ماحول بنایا جائے گا، جو ملک کی اختراعی معیشت میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ انتہائی اہم قومی سیمی کنڈکٹر ٹیکنالوجی مرکز کی میزبانی کے لیے البانی نینو ٹیک کمپلیکس کیوں تیار ہے۔"

Imec کے صدر اور CEO Luc Van den hove نے کہا، "Imec کو خوشی ہے کہ البانی نینو ٹیک کمپلیکس میں قائم کیے جانے والے ہائی NA EUV مرکز کی حمایت کی جا رہی ہے۔ یہ اقدام امریکہ میں جدید ترین سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ ٹیکنالوجی کے صنعتی انداز میں اخذ کرنے کے عمل کو تیز کرے گا۔ ہائی NA EUV کے تعارف کے لیے عمل والی جانب بنیادی اختراعات کرنے کی ضرورت ہے۔ ایک فعال انداز میں اس بات کا اندازہ لگانے کے لیے، imec نے ASML کے ساتھ ایک مشترکہ ہائی-NA EUV لیب قائم کی ہے، جو پہلے ہائی-NA سکینر کے متعلق بنائی گئی ہے۔ عالمی انداز کے ماحولیاتی نظام کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے، ہم کارروائی کے عمل میں اختراعی اقدامات تیار کر رہے ہیں اور ٹیکنالوجی سے لاحق خطرہ دور کر رہے ہیں۔ اور ہم شوق رکھتے ہیں کہ چپ اسکیلنگ اور کارکردگی کی حدود کو آگے بڑھانے کے لیے اس تکمیلی اسٹریٹیجک کوشش پر NY CREATES میں شراکت داروں کے ساتھ کام کیا جائے۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں